سوال

(174) کتاب "السنة" کی نسبت عبداللہ بن احمد بن حنبل کی طرف کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا کتاب "السنة" کی نسبت عبداللہ بن احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ کی طرف کرنا درست ہے جبکہ کوثری اس نسبت کا انکار کرتے ہیں۔ (فتاوی المدینہ:75)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس کتاب کے بارے میں میں نے کوئی تحقیق یا بحث نہیں کی لیکن قدیم اور جدید دونوں دور کے علماء اس کتاب کی نسبت عبداللہ کی طرف کرتے ہیں اور کوثری تو سنت اور اہل سنت کا دشمن ہے۔ اس کا دعوی بغیر دلیل کے قبول نہیں ہے۔ اگر واقعتاً اس کے پاس کوئی قطعی دلیل ہے کہ جو اس کتاب کی ان کی طرف نسبت کرنے کے منافی ہو تو جلد از جلد منظر عام پر لے آئیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ البانیہ

بعض کتب اور مصنفات کے بارے میں سوالات صفحہ:256

محدث فتویٰ